## جناب الطاف حسین کی ہدایت پر قومی اسمبلی میں حق پرست ارکان نے صوبوں کی قرارداد پیش کر کے سیاسی جماعتوں کیلئے کوئی راستہ نہیں چھوڑا ہے، حیدر عباس رضوی

## ایم کیوایم کی جانب سے صوبوں کیلئے قرارداد پیش کرنے پر کرڑال ایسوسی ایشن کے زیراہتمام منعقدہ اظہار تشکر کی تقریب کے شرکاء سے خطاب

## صوبہ ہزارہ تحریک کی تنظیموں کے عہدیداران کا جناب الطاف حسین کو زبردست خراج تحسین اور اظہار تشکر

کراچی۔۔۔16، جنوری 2012ء

قومی اسمبلی میں ایم کیوایم کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈر حیدر عباس رضوی نے کہا ہے کہ مظلوموں قوموں کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے اور جناب الطاف حسین کی ہدایت پر قومی اسمبلی میں حق پرست ارکان نے صوبوں کی قرارداد پیش کر کے سیاسی جماعتوں کیلئے کوئی راستہ نہیں چھوڑا ہے۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم کی جانب سے صوبوں کیلئے قرارداد پیش کرنے پر کرڑال ایسوسی ایشن کے زیراہتمام KDA کلب میں ایم کیوایم سے اظہار تشکر کرنے کی استقبالیہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ استقبالیہ تقریب میں تحریک صوبہ ہزارہ، سندھ ہزارہ قومی محاذ، ہزارہ عوامی اتحاد، صوبہ ہزارہ تحریک، ہزارہ قومی جرگہ، گجر اتحاد، ہزارہ فرنٹ تنولی اتحاد، انجمن اتحاد ہزارہ کے عہدیداران نے شرکت کی اور قومی اسمبلی میں حق پرست ارکان اسمبلی کی جانب سے صوبوں کیلئے قرارداد پیش کرنے پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کو زبردست خراج تحسین پیش کرنے کے علاوہ ان سے دلی تشکر کا اظہار بھی کیا اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان شاہد لطیف، گلفراز خان خٹک، حق پرست صوبائی وزیر فیصل سبزواری، ایم کیوایم ایگزیکٹو کونسل کی رکن محترمہ لیلیٰ پروین بھی موجود تھیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے حیدر عباس رضوی نے کہا کہ ایم کیوایم نے مظلوم قوموں کی آواز کی کھل کر ترجمانی کی ہے اور ان کی خواہشات اور امنگوں کا احترام کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تحریک ہزارہ کی تمام تنظیموں سے کہا کہ اب انہیں یہ فیصلہ خود کرنا ہوگا کہ کون ان کے حقوق کیلئے آواز سے آواز ملا رہا ہے اور وہ کونسے عناصر ہیں جو 63 برس سے مظلوموں کی آواز کو دبا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی صورتحال نازک ہے اور ایسے میں مظلوم قوموں کے ساتھ ناانصافی کا عمل احساس محرومیوں میں اضافہ کا سبب بنے گا اور ایم کیوایم مظلوم قوموں کے احساس محرومی کو ختم کرنے اور ملک کے استحکام کیلئے پرامن جدوجہد جاری رکھے گی۔

☆☆☆☆☆